اللہ تعالیٰ کے حضور کچھ عجز و نیاز

الحمدللہ۔ جزاہ اللہ تعالیٰ کہ وہ ”مشاہدات“ کو مختلف عناوین پر 1200 تقاریر ویب سائیٹ www.mushahedat.com پر اپلوڈ کر کے فہرست جاری کرنے کی توفیق دے رہا ہے۔ اس طرح اب تک اہم مواضیع پر کتب کی تعداد 38 ہو رہی ہے۔ الحمدللہ علیٰ ذالك

اس انعامِ خداوندی پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی یہ ہدایت یاد آ رہی ہے جو حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں۔

”غالباً 1901ء کا ذکر ہے کہ ایک دفعہ مَیں حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھا کہ حضور علیہ السلام نے توحید باری تعالیٰ پر ایک تقریر فرمائی اور اس میں ارشاد کیا کہ

بعض لوگ کسی کے احسان پر **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** کہنے کے بغیر ہی **جَزَاکَ اللّٰہُ** کہہ دیتے ہیں حالانکہ بہ نظرِ غایت دیکھا جائے تو از روئے معرفت یہ کلمہ بھی اپنے اندر ایک گونہ شرک کا پہلو رکھتا ہے کیونکہ احسان کرنے والے کی ذات اور وہ چیز جس کے ذریعے وہ محسن بنا ہے وہ بھی در حقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی پیدا کی ہوئی چیزیں ہیں۔ اس لیے ممنونِ احسان کو چاہیے کہ وہ **جَزَاکَ اللّٰہُ** کہنے سے قبل اللہ تعالیٰ کی توصیف و تحمید بیان کرے اور احسان ہونے پر **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** کہے کیونکہ معرفت اور حقیقت کے لحاظ سے یہ ضروری ہے کہ سب سے اوّل خالقِ اسباب کا شکریہ ادا کیا جائے پھر **جَزَاکَ اللّٰہُ** اس شخص کا بھی کہہ دے۔“

(حیاتِ قدسی صفحہ 134)

اللہ تعالیٰ ”مشاہدات“ کو دن دونی رات چونی سے نواز رہا ہے اور دن بدن جہاں ویب سائیٹ کو کنسلٹ کرنے والوں کی تعداد میں بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے وہاں کنسلٹ کرنے والوں کے تاثرات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

مکرمہ منزّہ سلیم صاحبہ جرمنی سے لکھتی ہیں:

”ما شاءاللہ، ماشاءاللہ، بارك الله لكَ، تقریباً ہر موضوع پہ آپ نے تقاریر کے مجموعے یکجا کر دئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کی آپ کے لئے خود جزاء بن جائے۔ آمین ثم آمین“

مکرم سید طفیل شہباز صاحب مربی سلسلہ قادیان نے لکھا:

”آپ کے ان گرانقدر کارناموں کے لئے اب تعریفی کلمات بھی کم پڑنے لگے ہیں۔ اللہ مزید توفیق دے اور صحت وسلامتی والی درازی عمر عطا فرمائے۔ تاکہ مخلوق خدا آپ کے ان خزانوں سے زیادہ سے زیادہ مستفیذ ہو سکے۔ آمین“

مکرم ملک محمود احمد صاحب نے برطانیہ سے تحریر کیا کہ

”مشاہدات پر اتنا ذخیرہ جمع ہو گیا ہے کہ اِسے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے، ماشاءاللہ“

خاکسار محض لاشئی ہے اور من آنم کہ من دانم والا معاملہ ہے اور اللہ تعالیٰ سے یہ امید کہ ”این مشت خاک راگرنہ بخشم چہ کنم“

اُسی عزّوجلّ نے محض اس ناچیز کو جماعت احمدیہ کے بچوں، بچیوں، واقفین نو، واقفاتِ نو، اطفال، خدام، انصار، مستورات اور ناصرات کے لئے اپنے اپنے اجتماعات اور اجلاسات پر تربیتی واصلاحی تقاریر کے لئے 1200 تقاریر لکھنے کی توفیق دی اور اُسی کی دی ہوئی توفیق سے یہ سلسلہ جاری ہے۔ وَبِاللّٰہِ التوفیق

یہ فہرست تمام اُن قارئین اور خیر خواہوں کی آسانی کے لئے تیار کی جاتی ہے جنہیں ویب سائیٹ پر کسی تقریر کی تلاش مشکل معلوم ہوتی ہے۔ ویسے تو تقاریر کو 29 کیٹاگریز میں سمویا گیا ہے۔ اگر ”مشاہدات“ کے خیر خواہ کم از کم کتب کو اپنے ہاں محفوظ کر لیا کریں تو موقع پر تقریر کی تلاش میں آسانی ہو گی۔ اسی طرح 1200 کی اس فہرست میں سے بھی مطلوبہ تقریر تلاش کی جاسکتی ہے۔ عند الضرورت جو تقریر درکار ہو اس کا نمبر بھجوا کر مطلوبہ تقریر حاصل بھی کی جاسکتی ہے۔

دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ”مشاہدات“ کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور آئندہ بھی مقبول قلمی وعلمی خدمات کرتے رہنے کی توفیق دے۔ آمین

یہاں "مشاہدات" کی ٹیم کے تمام رضاکار افراد کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھنے کی درخواست ہے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ

خاکسار

ابو سعید حنیف احمد محمود

مربّی سلسلہ حال برطانیہ

(شاہد۔ عربی فاضل)

(سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل ربوہ و الفضل آن لائن لندن و نائب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ)

31/ مئی 2026ء

ویب سائیٹ: www.mushahedat.com

فون نمبر: +44 73 7615 9966

ای میل: hanifahmadmahmood@hotmail.com